**SET-1**

**Series : GBM/1**

کوڈ نمبر
**Code No. 255/1/1**

**Roll No.** ☐☐☐☐☐☐☐ رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ کر لیجئے کہ اس پرچہ میں چھپے ہوئے صفحات کی تعداد **7** ہے اور نقشوں کے صفحات کی تعداد **2** ہے۔
- پرچہ کے دائیں طرف چھپے کوڈ نمبر کو طالب علم جواب کاپی کے اوپری صفحہ پر لکھینگے۔
- آپ جانچ لیجئے کہ پرچہ میں **22** سوال ہیں۔
- **کِسی سوال کا جواب لکھنا شروع کرنے سے پہلے اُسکا سلسلہ نمبر کاپی میں لکھ دیجئے۔**
- آپ کو سوالوں کے پرچہ کو پڑھنے کے لیئے 15 منٹ کا مزید وقت دیا گیا ہے۔ پرچہ 10 بجکر 15 منٹ تک طلبا میں بانٹ دیا جائیگا۔ 10 بجکر 15 منٹ سے 10 بجکر 30 منٹ تک طلبا پرچہ کو فقط پڑھینگے اور اِس دوران میں وہ جواب کاپی میں کوئی جواب نہیں لکھینگے۔

- Please check that this question paper contains **7** printed pages + **2** pages of maps.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **22** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# جُغرافیہ (علم الارض)

# GEOGRAPHY (Theory)

مقررہ وقت : 3 گھنٹے | کُل نمبر : 70

*Time allowed : 3 hours* | *Maximum marks : 70*

**عام ہدایات :**

*(i)* اِس پرچہ میں کُل **22** سوال ہیں۔

*(ii)* سبھی سوال لازمی ہیں۔

(iii) سوال نمبر **1** سے **7** تک کے سوال بہت چھوٹے جواب والے ہیں۔ اِن میں سے ہر ایک سوال **1** نمبر کا ہے۔ ان سوالوں کا جواب فی سوال **40** الفاظ سے زیادہ نہ ہو۔

(iv) سوال نمبر **8** تا **13** تک کے سوال چھوٹے جواب والے ہیں۔ اِن میں سے ہر سوال **3** نمبر کا ہے۔ ان سوالوں کا جواب فی سوال **80** سے **100** الفاظ تک ہوسکتا ہے۔

(v) سوال نمبر **14** سے **20** تک کے سوال لمبے جواب والے ہیں۔ ان میں سے ہر سوال **5** نمبر کا ہے۔ ان سوالوں کا جواب فی سوال **150** الفاظ سے زیادہ نہ ہو۔

(vi) سوال نمبر **21** اور **22** تک جغرافیائی خصوصیات کو پہچاننے، محل وقوع دکھانے اور ان کے نام لکھنے سے متعلق ہیں۔ ہر ایک **5** نمبر کا ہے۔

(vii) **دنیا** اور **ہندوستان** کے خاکے جو آپ کو پرچہ کے ساتھ دیئے گئے ہیں، انہیں اپنی جوابی کاپی کے ساتھ جوڑ کر واپس لوٹانا ضروری ہے۔

(viii) نقشوں کے خاکے بنانے کے لیے **سٹینسلوں** کے استعمال کی اجازت ہے۔

1. دنیا میں پائی جانے والی بستیوں کی ان کی شکل کے اعتبار سے دو اہم قسمیں کون سی ہیں؟ **½ + ½ = 1**

2. مردم شماری 2011 کے مطابق ہندوستان کی سب سے کم آبادی والی ریاست کا نام لکھیے۔ **1**

3. نیشنل ہائی وے اتھارٹی آف انڈیا کا اہم کام کیا ہے؟ **1**


4. عالمی سطح پر خوراک جمع کرنے کے کام کو اہمیت حاصل کرنے کی امید بہت کم کیوں ہے؟ ایک وجہ بیان کیجیے۔ **1**

5. نقل وحمل کے نظام میں 'نوڈ' (node) کس طرح 'لنک' (link) سے الگ ہے؟ **1**

6. بارش پر منحصر (بارانی) زراعت کو، فصلی موسم میں مٹی میں رطوبت کی دستیابی کی بنیاد پر تقسیم کیجیے۔ **1**

7. ''روس میں 'وولگا' سب سے اہم ترقی یافتہ آبی راستوں میں سے ایک ہے۔'' ثابت کیجیے۔ **1**

8. درج ذیل نقشے کا مطالعہ کیجیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : **1 + 2 = 3**




(8.1) اوپر دیے گئے نقشے میں دکھائی گئی نہر کو پہچانیے اور اس کا نام لکھیے۔


(8.2) اس نہر کی کوئی چار خصوصیات بیان کیجیے۔

**نوٹ :** درج ذیل سوال **صرف نابینا طلبہ** کے لیے سوال نمبر **8** کے بدلے :

عظیم جھیلیں-سنٹ لارنس سمندری راستہ کی کوئی تین خصوصیات بیان کیجیے۔

9. کونکن ریلوے لائین کی کوئی تین خصوصیات بیان کیجیے۔ **3 × 1 = 3**

10. دیے گئے ڈائی گرام کا غور سے مطالعہ کیجیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : **1 + 2 = 3**




(10.1) کس قسم کی زمین کے استعمال میں سب سے زیادہ اضافہ دکھایا گیا ہے؟ اس مدت میں اس قسم کی زمین کے استعمال میں کتنے فی صد اضافہ ہوا ہے؟

(10.2) اس قسم کی زمین کے استعمال میں اضافے کے لیے ذمہ دار کوئی دو اسباب بیان کیجیے۔

**نوٹ :** درج ذیل سوال **صرف نابینا طلبہ** کے لیے سوال نمبر **10** کے بدلے :

ہندوستان میں زمین کے استعمال کی کس قسم میں سب سے زیادہ اضافہ پایا گیا ہے؟ اس بڑھتے ہوئے رجحان کے لیے ذمہ دار کوئی دو اسباب بیان کیجیے۔

11. ہندوستان میں دیہی اور شہری بستیوں کے بیچ تین بنیادی فرق بیان کیجیے۔ **3 × 1 = 3**

12. ''فطرت اور بنی نوع انسان غیر منفک (جدا نہ ہو سکنے والا) عناصر ہیں۔'' مناسب مثالوں کے ساتھ اس بیان کو ثابت کیجیے۔ **3 × 1 = 3**

13. ''فضائی آلودگی سے جانوروں، نباتات اور ملکیت کو بہت زیادہ نقصان ہوتا ہے۔'' کوئی ایسی تین اقدار بیان کیجیے جو کسی حد تک فضا کو آلودگی سے آزاد رکھنے میں مددگار ہوسکتی ہیں۔ 3 × 1 = 3

14. دنیا میں خانہ بدوش چراگاہی کے لوگوں کی زندگی بسر کرنے کے طریقوں کو بیان کیجیے۔ 5 × 1 = 5

15. بڑے پیمانے کی صنعتیں مختلف محل وقوع کا انتخاب کیوں کرتی ہیں ؟ صنعتی محل وقوع کو متاثر کرنے والے چار عوامل بیان کیجیے۔ 1 + 4 = 5

16. 'ممبئی-پونا صنعتی علاقوں' میں ترقی کرنے کے لیے ذمہ دار کوئی پانچ عوامل بیان کیجیے۔ 5 × 1 = 5

17. ''دنیا کی 90 فی صد آبادی لگ بھگ 10 فی صد اس کے کل زمینی علاقے پر رہتی ہے، جبکہ باقی 10 فی صد آبادی، اس کے لگ بھگ 90 فی صد زمینی علاقے پر رہتی ہے۔'' مناسب مثالیں دے کر اس بیان کی تائید کیجیے۔ 5 × 1 = 5

18. ''ہندوستان میں غیر مساوی تقسیم آبادی اس بات کی مظہر ہے کہ آبادی اور طبعی اور سماجی و معاشی عوامل کا آپ میں گہرا تعلق ہے۔'' اس بیان کی تائید مناسب مثالوں کے ساتھ کیجیے۔ 5 × 1 = 5

19. انسانی ترقی کا کیا مطلب ہے؟ انسانی ترقی کے چار ستون بیان کیجیے۔ 1 + 4 = 5

20. 'ممکن ہے کہ پانی کی قلت اس کی بڑھتی ہوئی مانگ ہندوستان کا ایک سنگین مسئلہ ہے۔'' اس قول کا تجزیہ کیجیے۔ 5

21. دنیا کے دیئے گئے سیاسی نقشے میں پانچ جغرافیائی خصوصیات A، B، C، D اور E دکھائی گئی ہیں۔ ان خصوصیات کو پہچانئے اور نیچے دی گئی معلومات کی مدد سے ان کے صحیح نام ان کے نزدیک کھینچی ہوئی لائینوں پر لکھیے : 5

(A) رقبہ میں یوروپ کا ایک بڑا ملک

(B) خود کفالتی اکٹھا کرنے والا علاقہ

(C) پار براعظمی ریلوے کا ایک ٹرمنل اسٹیشن

(D) ایک بڑی بحری بندرگاہ

(E) ایک بین الاقوامی ہوائی اڈا

**نوٹ :** درج ذیل سوال صرف **نابینا طلبہ** کے لیے سوال نمبر **21** کے بدلے :

(21.1) یوروپ کے سب سے بڑے رقبہ والے ملک کا نام لکھیے۔

(21.2) خود کفالتی اکٹھا کرنے والے کسی ایک اہم علاقے کا نام لکھیے۔

(21.3) آسٹریلیائی - پار براعظمی ریلوے کا ایک سب سے مغربی اسٹیشن کون سا ہے ؟

(21.4) جنوبی امریکہ کے مشرقی ساحل پر واقع کسی ایک بڑی بحری بندرگاہ کا نام لکھیے۔

(21.5) افریقہ کے سب سے جنوبی بین الاقوامی ہوائی اڈے کا نام لکھیے۔

22. **ہندوستان** کے دیئے ہوئے نقشے کے سیاسی خاکے میں درج ذیل جگہوں کو پہچانئے اور مناسب نشانوں سے دکھایئے اور ان کے نام لکھیے : 5

(i) سب سے زیادہ شہرکاری ریاست (2011)

(ii) کپاس کی سب سے زیادہ پیداوار کرنے والی ریاست

(iii) پنجاب میں واقع سافٹ ویئر ٹکنالوجی پارک

(iv) چھتیس گڑھ میں واقع کوئلہ کی بڑی کان

(v) کرناٹک میں واقع بین الاقوامی ہوائی اڈا

**نوٹ** : درج ذیل سوال صرف **نابینا طلبہ** کے لیے سوال نمبر **22** کے بدلے :

(22.1) ہندوستان کی سب سے زیادہ شہرکاری ریاست کونسی ہے ؟

(22.2) ہندوستان کی کپاس کی سب سے زیادہ پیداوار کرنے والی ریاست کا نام لکھیے ۔

(22.3) پنجاب میں واقع سافٹ ویئر ٹکنالوجی پارک کا نام لکھیے ۔


(22.4) چھتیس گڑھ میں واقع کوئلہ کی بڑی کان کا نام لکھیے ۔

(22.5) کرناٹک میں واقع بین الاقوامی ہوائی اڈا کا نام لکھیے ۔

Cut Here ---- یہاں سے کاٹیں ---- Cut Here ---- یہاں سے کاٹیں


Map for Q. No. 21

سوال نمبر 21 کے لئے نقشہ



Map for Q. No. 22

سوال نمبر 22 کے لئے نقشہ




یہاں سے کاٹیں ---- Cut Here ---- یہاں سے کاٹیں ---- Cut Here